فوری ریلیز کے لیے: 2023/13/10 **_KATHY HOCHUL_ گورنر**

گورنر HOCHUL کا سینٹ لارنس کاؤنٹی کے اوگڈنزبرگ سٹی میں سیلاب سے بحالی والے پروجیکٹس کے ایک سلسلے پر تعمیرات کی تکمیل کا اعلان

ساحلی پٹی کو مستحکم کرنے اور دریائے سینٹ لارنس کے ساتھ سیلاب کے خطرے سے دوچار عوامی جگہ کی حفاظت کے لیے 8.3$ ملین سے زیادہ خرچ کیے گئے ہیں

جو ریاست کے 300$ ملین کے پائیداری اور اقتصادی ترقیاتی اقدام کا جزو ہے

ربن کاٹنے کی تصاویر یہاں دستیاب ہیں

گورنر Kathy Hochul نے آج سینٹ لارنس کاؤنٹی کے اوگڈنزبرگ سٹی میں سیلاب سے بحالی والے پروجیکٹس کے ایک سلسلےکی تکمیل کا اعلان کیا ہے۔ ریاست نیو یارک کے لیک اونٹاریو ریزیلینسی اینڈ اکنامک ڈویلپمنٹ انیشیٹو کے ذریعے چار پروجیکٹس کو 8.3$ ملین سے زیادہ کی گرانٹ فنڈنگ دی گئی تھی۔ اب پایۂ تکمیل تک پہنچنے والے، REDI کی مالی امداد سے چلنے والے یہ پروجیکٹس، مستقبل میں پانی کی سطح میں طغیانی کے واقعات کے اثرات کو کم کرنے اور ساحل کی بحالی کی صلاحیت کو بہتر بنانے میں مدد کریں گے۔

"اوگڈنزبرگ سٹی میں مکمل ہونے والے REDI پروجیکٹس عوامی سلامتی کا تحفظ کرتے ہیں، دریائے سینٹ لارنس کی ساحلی پٹی کے ساتھ استحکام پیدا کرتے ہیں اور کمیونٹی کے لیے تفریحی مواقع پیدا کرتے ہیں، جبکہ ریاست نیو یارک کے اس کامیاب اقدام کے بہت سے اعلیٰ اہداف پورے کرتے ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "اس شہر کے پروجیکٹس کی تکمیل، اوگڈنزبرگ کے آبی کنارے کی مکمل صلاحیت کا ادراک کرنے کی جانب ایک قدم ہے۔"

2019 میں دریائے سینٹ لارنس کے پانی کی سطحوں میں ریکارڈ اضافہ دیکھا گیا تھا جس کے نتیجے میں دریا کی ساحلی پٹی کے ساتھ واقع تمام آبادیوں میں تباہ کن سیلاب آیا تھا۔ ان واقعات کی وجہ سے عوامی بنیادی ڈھانچوں کو نقصان پہنچا تھا اور مشہور سیاحتی مقامات جیسے کہ موریسیٹ پارک اور شہر کی عوامی بندرگاہوں کا استعمال، عوام کے لئے محدود کردیا گیا تھا، جس کے نتیجے میں عوامی سلامتی اور مقامی معیشتوں پر منفی اثر پڑا تھا۔

آج کے اعلان میں یہ شامل ہیں:

- **موریسیٹ پارک اور سٹی ڈوک، 4,875,000$:** رہائشیوں اور سیاحوں کے لئے موریسیٹ پارک ایک مقبول تفریحی مقام ہے، جہاں ایک ٹینس کورٹ، چوبی کھیل کا میدان، اور عوامی پارکنگ موجود ہیں۔ سیلاب اور متعدد بار آنے والے طوفانی عمل سے پارک کی ساحلی پٹی بُری طرح تباہ ہوئی ہے اور سمندر کو روکنے والے موجودہ پُشتے کو شدید نقصان پہنچا ہے جس کے نتیجے میں پارک کے بنیادی ڈھانچے اور ملحقہ سینیٹری پمپ سٹیشن کو خطرہ لاحق ہو گیا ہے۔ سیلاب کے دوران، گاڑیوں کے گول چکر کاٹنے والی اور پارکنگ والی جگہ پانی سے بھر گئی تھی اور اسے استعمال کے لئے غیر محفوظ قرار دے دیا گیا تھا، جس کے نتیجے میں کھیل کا میدان بند کرنا پڑا تھا۔ اس پروجیکٹ میں لاگو کیے جانے والے بحالی کے اقدامات میں پارک اور قریبی واقع کیرولین

اسٹریٹ کو دو سے تین فٹ تک بلند کرنے کے لئے بھرائی اور گریڈنگ کرنے والے کام شامل ہیں۔ سائٹ کی موجودہ خصوصیات میں طوفان کے پانی سے بچاؤ کے ڈھانچے، اسفالٹ کے راستے، کنکریٹ سے بنے فٹ پاتھ، گرینائٹ سے بنی یادگاریں، اور سائٹ کو روشن کرنے والی روشنیاں شامل ہیں جنہیں دوبارہ تعمیر کیا جائے گا یا انہیں اصل حالت پر واپس بحال کیا جائے گا تاکہ گریڈ میں تبدیلی مکمل کی جائے۔ موریسیٹ پارک کے شمال مشرق میں واقع ساحلی پٹی پر قدرتی پتھروں سے بنا ہوا حفاظتی بند نصب کیا گیا تھا تاکہ پانی کی براہ راست زد میں آنے والے دریا کے کنارے کے بلند تر حصے مزید مستحکم بنا دیئے جائیں تاکہ مستقبل میں پانی میں طغیانی کے واقعات اور لہروں کے شدید ٹکراؤ کے اثرات کا مقابلہ کر سکیں۔ پانی کے کنارے پر زاویہ دار شکل میں پتھروں کو جوڑتے ہوئے قدرتی حفاظتی بند بنایا گیا تھا جس کے ساتھ زاویہ دار پتھریلے فرش پر اوپری جانب چڑھتا سبزے کے ساتھ ہی، پانی کے کٹاؤ کو کنٹرول کرنے والا چٹائ جیسا فرش بنا ہوا ہے۔ ملحقہ سٹی ڈوک کی شیٹ جوڑ کر بنائی گئی دیوار کو مزید دو فٹ بلند کیا جائے گا تاکہ مستقبل کے شدید طوفانوں کے دوران موریسیٹ پارک کو سیلاب کے اثرات سے محفوظ رکھا جائے۔

- **ڈوبسکی سینٹر کے قریب واقع میونسپل مرینا اور ساحلی چبوترہ، $911,973:** دریائے سینٹ لارنس پر واقع اوگڈنزبرگ میونسپل مرینا میں 70 سے زیادہ کشتیوں کے لنگر انداز کرنے کی جگہیں شامل ہیں، جو کہ تفریحی کشتیوں اور ماہی گیری کے شوقین افراد کو اس شہر کی طرف راغب کرتی ہیں۔ پانی کی سطح میں اضافے کی وجہ سے اس ساحلی کنارے کی سمندری دیوار کے ڈھانچے کو شدید نقصان پہنچا ہے، جس کی وجہ سے ساحلی کنارے کی طغیانیوں کا مقابلہ کرنے اور سیلابی پانی کے اخراج کی استعداد میں بہت کمی آ گئی ہے۔ متعدد بار آنے والے سیلابوں کی وجہ سے میونسپل مرینا کی ساحلی پٹی کو شدید نقصان پہنچا ہے جس کی وجہ سے یہ ساحلی کنارہ اونچی لہروں اور چڑھتے پانیوں کے مقابلے میں غیر محفوظ ہو چکا ہے۔ اس کے نتیجے میں صارفین کے لیے غیر محفوظ حالات پیدا ہو گئے تھے اور پارک کے ایک حصے کو عارضی طور پر بند کر دیا گیا تھا، جس میں ڈوبیسکی سینٹر کے قریب واقع ایک بہت زیادہ استعمال شدہ گیزبو اور بورڈ واک شامل تھا۔ اس مکمل شدہ کام میں میونسپل ساحلی چبوترے کے دریا کی جانب والے کنارے کو شیٹ اور کیپ جوڑ کر بنائی گئی دیوار اور ٹوپیوں کی تنصیب کے ذریعے مستحکم کیا گیا ہے، میونسپل مرینا کے جنوبی ساحل پر ساحلی پٹی کے ساتھ زاویہ دار شکل میں پتھروں کو جوڑتے ہوئے رکاوٹ بنائی جائے گی اور موجودہ گیزیبو کو تقریباً ایک فٹ تک اونچا کیا جائے گا۔
- **گرین بیلٹ پارک، $530,000:** گرین بیلٹ پارک، دریائے اوسویگاچی اور دریائے سینٹ لارنس، دونوں دریاؤں کے سنگم کے قریب واقع ہے۔ پانی کے سامنے تقریباً 680 فٹ لمبا زاویہ دار شکل میں پتھروں کو جوڑتے ہوئے ایک سیدھا پشتہ موجود ہے جسے مسلسل اٹھنے والی لہروں کے ٹکرانے کی وجہ سے شدید نقصان پہنچا ہے۔ ساحلی تحفظ کے فقدان کے نتیجے میں جب دریا کی سطحیں بلند ہوتی ہیں تو سبز زاروں، پارکنگ ایریا ، اور پارک کی کشتیاں اتارنے والی جگہوں کے زیادہ تر حصوں پر پانی کھڑا ہو جاتا ہے۔ سیلاب سے بچاؤ کے اقدامات میں زاویہ دار شکل میں پتھر جوڑ کر بنایا گیا ساحلی حفاظتی پُشتہ شامل ہے جس میں موجودہ زاویہ دار انداز کے پتھریلے پُشتے میں اضافہ کیا گیا ہے تاکہ دریا کے اونچے کنارے والا جو حصہ براہ راست پانی کی زد میں ہے، اسے مستقبل میں طغیانی جیسی آفاتاور طاقتور لہروں کے اثرات سے بچایا جا سکے۔
- **میپل سٹی ٹریل، $2,000,000:** میپل سٹی ٹریل دریائے اوسویگاچی کے کنارے واقع ہے، جو دریائے سینٹ لارنس کا ایک بڑا معاون دریا ہے۔ سیلاب کے واقعات نے دریا کے ساتھ 100 سال پرانی چونے کے پتھر کی دیوار کو نقصان پہنچایا ہے، جس کے نتیجے میں دیوار کی سیدھ اور ساختی سالمیت متاثر ہوئی ہے۔ دیوار کی بوسیدگی کی وجہ سے اس ٹریل کو استعمال کرنے والوں کے لیے عوامی تحفظ کا خطرہ درپیش ہے۔ مکمل ہونے والے اس پروجیکٹ میں پروجیکٹ کے علاقے کے اندر ٹریل کے استحکام میں اضافہ کیا گیا ہے جس میں سیلاب آنے کے امکان، دریا کے کنارے کے کٹاؤ، اور پانی میں طغیانی کے واقعات کی وجہ سے املاک کو پہنچنے والے نقصان میں کمی آئی ہے۔ اس پروجیکٹ میں چونے کے پتھر/ کنکریٹ کی دیوار کو تبدیل کرنے کے لیے ایک نئی پری کاسٹ کنکریٹ سیگمنٹل بلاک والی (1,200 طویل فٹ) دیوار شامل تھی۔ اس نئی دیوار کی چوٹی کا (شمالی سرے کا) حصہ 252 فٹ، (درمیانی حصہ) 253.5 فٹ اور (ڈیم کے قریب، جنوبی حصہ) 255 فٹ کی بلندی پر رکھا گیا ہے تاکہ مستقبل میں سیلاب کے واقعات کے دوران ساحلی

پٹی کو دریا کی سطح سے اوپر جانے سے بچایا جا سکے۔ اس نئی دیوار کے پیچھے والے حصے کی بلندی میں اضافہ کر دیا گیا ہے اور موجودہ تباہ شدہ ٹریل دوبارہ بنائی گئی ہے اور ارضی منظر نامے کی سجاوٹ کی گئی ہے۔

ریاست نیو یارک کے سیکرٹری برائے ریاست Robert J. Rodriguez نے کہا، "اس طرح کے مستحکم بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹس گورنر کی جاری کوششوں کا ایک اہم جز ہیں تاکہ جھیل اونٹاریو اور دریائے سینٹ لارنس کے ساحلی علاقوں کی کمیونٹیز کے لیے تحفظ اور بہتری کا کام کیا جائے۔ یہ پروجیکٹ مستقبل میں اوگڈنزبرگ سٹی میں پانی کی طغیانی کے واقعات سے پیدا ہونے والے اثرات کو کم کرنے میں مدد کرے گا، جبکہ دریں اثنا اس شہر اور علاقے کی معیشت، ماحولیات اور مجموعی استحکام میں بھی بہتری لائی جائے گی۔ ہمارے مقامی واٹر فرنٹ ریوائٹلائزیشن پروگرام اور براؤن فیلڈ اپرچونٹی ایریا پروگرام کے ذریعے، یہ پروجیکٹ اوگڈنزبرگ میں پائیداری اور بحالی کی خاطر ریاستی محکمے کی دیرینہ کوششوں کی تکمیل کرتا ہے۔"

ریاست نیو یارک کے محکمۂ تحفظِ ماحولیات کے کمشنر اور REDI کمیشن کے شریک چیئر Basil Seggos نے کہا، "ریاست نیو یارک کے REDI اقدام کی جانب سے جھیل اونٹاریو اور دریائے سینٹ لارنس کے کنارے بسنے والی کمیونٹیز کی حفاظت کے لیے اپنا ریکارڈ مسلسل جاری رکھا گیا ہے، جو اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ یہ اہم بنیادی ڈھانچہ شدید طوفانوں اور طغیانی والے پانی کی شدت برداشت کرنے کے لیے تیار ہے۔ ریاست کی اس اسٹریٹجک سرمایہ کاریوں سے ساحلی پٹی کی کمیونٹیز جیسے اوگڈنزبرگ سٹی کو ضروری مہارت اور وسائل فراہم کیے جا رہے ہیں تاکہ ساحلی پٹی کو مستحکم بنایا جائے اور تحفظ فراہم کیا جائے جبکہ رہائشیوں اور سیاحوں کے لیے تفریحی مواقع بڑھائے جا رہے ہیں، اس طرح اس خوبصورت دریائی کنارے کی کمیونٹی کی اقتصادی حیات کو فروغ دیا جا رہا ہے۔"

نیو یارک بجلی کی اتھارٹی کے عبوری صدر اور CEO اور سینٹ لارنس کاؤنٹی REDI کے کمشنر Justin E. Driscoll نے کہا، "آج مکمل ہونے والے پروجیکٹس ایسے طویل مدتی حل فراہم کرتے ہیں جو کہ اونٹاریو جھیل اور دریائے سینٹ لارنس کے ساحلی کناروں کے ساتھ اقتصادی ترقی اور مقامی ماحولیاتی نظام کو بہتر بناتے ہیں۔ REDI کمیشن کے قیام کے ذریعے، نیو یارک نے مقامی حکومتوں، کاروباری اداروں اور گھریلو مالکان کے ساتھ پروجیکٹس پر کام کیا ہے تا کہ شدید موسمی حادثات سے نمٹنے کے لیے ضروری بنیادی ڈھانچے کے ساتھ ساحلی پٹی کی کمیونٹیز کو دوبارہ تعمیر کیا جائے اور مضبوط بنایا جائے۔"

ریاست نیو یارک کے دفتر برائے عمومی خدمات کی کمشنر Jeanette Moy نے کہا، "گورنر Hochul کا آج کا اعلان اس بارے میں بہت کچھ بتاتا ہے کہ جب ریاست کی جانب سے اپنے مقامی شراکت داروں کے ساتھ جھیل اونٹاریو اور دریائے سینٹ لارنس کے کنارے سیلاب سے تباہ حال کمیونٹیز میں تفریحی مقامات کی مستحکم تعمیر نو اور ان میں اضافے کے لیے کام کیا جاتا ہے تو ہم کیا کچھ حاصل کر سکتے ہیں۔ اکٹھے مل کر، ہم رہائشیوں کے معیار زندگی کو بڑھانے اور خطے کی سیاحتی معیشت کو فروغ دینے کے لیے ضروری اقدامات کر رہے ہیں۔"

ریاستی سینیٹر Mark Walczyk نے کہا، "ان پروجیکٹس کی تکمیل سے امریکہ کا سامنے کا حصہ پائیدار اور خوبصورت ہو جائے گا۔ میپل سٹی میں آبی کناروں کے مقامات کی بحالی، امریکہ میں سینٹ لارنس پر واقع شہر میں سیاحت کے فروغ کے لیے شاندار قدم ہے۔"

رکن اسمبلی Scott Gray نے کہا، "اوگڈنزبرگ میں REDI پروجیکٹس کی تکمیل، اس شہر کے لیے ایک اہم سنگِ میل ہے، جس میں مجموعی طور پر 8.3$ ملین سے زیادہ ایوارڈ کیے گئے تھے۔ ان پروجیکٹس میں، ٹینس کورٹ اور کھیل کے میدان جیسی سہولیات کے ساتھ، موریسیٹ پارک اور سٹی ڈوک کا تحفظ اور ساحلی پٹی کی بحالی شامل ہے، اس کے علاوہ ڈوبیسکی سینٹر کے قریب میونسپل مرینا اور ساحلی چبوترے کے استحکام میں اضافہ اور تحفظ شامل ہے، جو کشتی رانی اور ماہی گیری کے شوقین افراد کو متوجہ کرے گا۔ مزید برآں، گرین بیلٹ پارک کے آبی کنارے میں زاویہ دار شکل میں پتھروں کو جوڑ کر سطح کی بحالی اور آخر کار، میپل سٹی ٹریل کی بحالی کا کام کیا گیا ہے،

جو شہر کی قدرتی خوبصورتی اور تفریحی مواقع میں معاون ہے۔ REDI کمیشن اور اوگڈنزبرگ سٹی نے شہر کے آبی کنارے کے علاقوں کو بہتر بنانے کے لیے ایک اہم سرمایہ کاری کی ہے۔"

سینٹ لارنس کاؤنٹی کے چیئرمین David Forsythe نے کہا، "اوگڈنزبرگ سٹی میں دریائے سینٹ لارنس کے کنارے مکمل ہونے والے ان اہم پروجیکٹس کو دیکھ کر مجھے بہت حوصلہ ملا ہے۔ دریائی کنارا، اس شہر کا قابلِ دید سب سے بڑا اثاثہ ہے۔ ڈسٹرکٹ 2 کے نمائندے کے طور پر، جس میں اوگڈنزبرگ سٹی کا ایک حصہ شامل ہے، اس کے ساتھ شہر میں ایک کاروباری مالک کی حیثیت سے 37 سال گزارنے کے بعد، مجھے علم ہے کہ شہر کا وہ علاقہ جہاں یہ پروجیکٹس واقع ہیں، وہ اس کاؤنٹی کی سب سے خوبصورت املاک میں شامل ہے۔ اس پروجیکٹ کو شرمندہ تعبیر ہوتے ہوئے دیکھنا اور ریاست نیو یارک کی مدد سے ان کی نمائش کرنے سے یقینی طور پر شہر کی جانب سے کی جانے والی بحالی کی کوششیں اثر انداز ہوں گی۔ ہم ریاست نیو یارک کے ساتھ شراکت داری کرنے پر اور سینٹ لارنس کاؤنٹی میں تمام REDI پروجیکٹس کو مکمل کرنے کی خاطر مسلسل توجہ کے شکر گزار ہیں۔"

اوگڈنزبرگ کے میئر Jeff Skelly نے کہا، "شہر کے آبی کنارے اور دریائے اوسویگاچی کے ساتھ میپل سٹی ٹریل کے ہلالی شکل کے علاقے کو بہتر بنانے کے لیے یہ کام، کئی ریاستوں، وفاقی اور مقامی حکومتی اہلکاروں اور ایجنسیوں کے درمیان ہم آہنگی بنانے اور اس میں شامل ہونے کی صورت میں برسوں سے جاری ہے۔ خاص طور پر، ہمارے اپنے اوگڈنزبرگ منصوبہ ساز اور ترقیاتی دفتر نے اس پروجیکٹ کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کے لیے انتھک محنت کی ہے، جس کی سربراہی عبوری سٹی مینیجر Andrea Smith کر رہی ہیں۔ اب جب کہ یہ پروجیکٹ مکمل ہو چکا ہے، تو شہر کے رہائشی اور ہماری کمیونٹی کے سیاح دریائے سینٹ لارنس اور دریائے اوسویگاچی، دونوں دریاؤں کے ساتھ ہمارے منفرد آبی کنارے سے بہتر طور پر لطف اندوز ہو سکیں گے۔ میں اس میں شامل تمام لوگوں کا شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں۔"

جھیل اونٹاریو اور دریائے سینٹ لارنس کے ساحلوں کے ساتھ سیلاب کے بڑھے ہوئے انداز کے جواب میں، ریاست نیویارک نے ساحلی علاقوں کی لچک کو بڑھانے اور خطے میں اقتصادی ترقی کو تقویت دینے کے لیے REDI قائم کیا تھا۔ REDI کی پانچ علاقائی منصوبہ بندی کمیٹیاں، جن میں آٹھ کاؤنٹیاں (نیاگرا اور اورلینز، مونرو، وائین، کایوگا اور آسویگو، اور جیفرسن اور سینٹ لارنس) کے نمائندے شامل تھے، مقامی ترجیحات، خطرے سے دوچار بنیادی ڈھانچے اور دیگر اثاثوں، اور عوامی حفاظتی خدشات کی نشاندہی کے لیے قائم کی گئی تھیں۔ REDI کے ذریعے، ریاست نے علاقوں کو فائدہ پہنچانے اور جھیل اونٹاریو اور دریائے سینٹ لارنس کے ساتھ سیلاب زدہ علاقوں میں لچک کو بہتر بنانے کے لیے $300 ملین تک کا وعدہ کیا ہے۔

سنہ 2019 کے موسم بہار میں ریاست کے REDI پروگرام کی تشکیل کے بعد سے اب تک REDI کے فنڈ کردہ 134 مقامی اور علاقائی پروجیکٹس یا زیر تکمیل ہیں یا مکمل ہو چکے ہیں جن میں سے 28 پروجیکٹس ڈیزائن کے مرحلے میں ہیں، 39 پروجیکٹس تعمیراتی مرحلے میں ہیں، اور 67 پروجیکٹس مکمل ہو چکے ہیں۔

اضافی معلومات، پروجیکٹ پروفائلز اور REDI کے متعلق خبروں کے لیے، یہاں کلک کریں۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں